
علم میراث
ڈاکٹر حافظ انس نضر

# عصبہ کا اجتماع، جہات اور حجب

## ماڈیول ۱۱

أَلْحِقُوا الْفَرَآئِضَ بِأَهْلِهَا فَمَا بَقِيَ فَلِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ (البخارى: 6737)

میراث اس کے حقدار تک پہنچادو اور جو باقی رہ جائے وہ سب سے قریب والے مرد کو دے دو۔

# عصبہ کی جہات

- **بنوّت** (بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی وغیرہ)
- **ابوّت** (باپ، دادا وغیرہ)
- **اخوّت** (حقیقی وعلاتی بہن بھائی اور بھتیجے وغیرہ)
- **عمومت** (حقیقی وعلاتی چچا اور چچازاد وغیرہ)
- **ولاء** (معتق ومعتقہ اوران کے صرف عصبہ بالنفس)

# عصبہ کا اجتماع

1. سب سے پہلے **جہت** کو دیکھا جائے گا، اقرب وارث ہو گا: مثلاً (پوتا اور باپ)، (علاتی بھتیجا اور چچا)

پوتا باعتبارِ جہت اَقرب ہے لہٰذا باپ (بطور عصبہ) محروم ہو گا۔

2. اگر **جہت** برابر ہو تو **قرب** (واسطوں) کا اعتبار ہو گا: مثلاً (دادا اور پڑدادا)، (علاتی بھائی اور حقیقی بھتیجا)

جہت ایک ہی ہے لیکن دادا باعتبارِ درجہ اَقرب ہے لہٰذا پڑدادا محروم ہو گا۔

3. اگر **جہت** اور **قرب** دونوں برابر ہوں تو قوت کو دیکھا جائے گا: (حقیقی و علاتی بھائی)، (حقیقی و علاتی چچازاد)

حقیقی بھائی: ماں باپ شریک ہونے کی بنا پر اقویٰ ہے لہٰذا علاتی بھائی محروم ہو گا۔ *

4. اگر **جہت**، **قرب** اور **قوت** تینوں برابر ہوں تو سب وارث ہوں گے: مثلاً (2 پوتے یا 4 بھائی یا 3 چچازاد)

اس صورت میں مذکر مؤنث کا معاملہ لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ کے مطابق ہو گا: مثلاً (پڑپوتا اور 2 پڑپوتیاں)

* فرمانِ نبوی ﷺ: «اِنَّ اَعْیَانَ بَنِی الْاُمِّ یَتَوَارَثُونَ دُونَ بَنِی الْعَلَّاتِ» [التِّرمِذي: 2095] ”حقیقی و علاتی میں سے حقیقی وارث ہوں گے۔“

# حجب

## حجب سے مراد

- وارث کا کسی رُکاوٹ کی بنا پر وراثت سے محروم ہونا۔

## حجب کے اسباب

- **وصف** (ان کا ہونا، نہ ہونا برابر ہے۔): **غلام، قتل، اختلاف دین**
- **شخص** (وارث کسی شخص کے رکاوٹ بننے کلّی محروم ہوتا ہے یا جُزوی!)

- **حجب** حرمان (بیٹا بیٹی، ماں باپ اور شوہر بیوی کے علاوہ سب پر لاگو ہوتا ہے۔)
- حجبِ نقصان (سب پر لاگو ہوتا ہے۔) اس کی دو صورتیں ہیں: 1۔ انتقال 2۔ازدحام

# حجب

- انتقال
  - بڑا فرضی حصہ چھوٹے فرضی حصے کی طرف
  - بڑا فرضی حصہ چھوٹے عصبی حصے کی طرف
  - بڑا عصبی حصہ چھوٹے فرضی حصے کی طرف
  - بڑا عصبی حصہ چھوٹے عصبی حصے کی طرف
- ازدحام
  - فرضی حصے میں ازدحام
  - عصبی حصے میں ازدحام
  - عول کی وجہ سے ازدحام

# حجبِ حرمان کے قواعد

1. فروع کو صرف فروع محروم کر سکتے ہیں۔

- مذکر فرع اپنے سے نیچے تمام فروع کو محروم کر دے گا۔
- مؤنث فرع اپنے سے نیچے کسی کو محروم نہیں کرتی۔

2. اُصول کو صرف اُصول محروم کر سکتے ہیں۔

- مذکر اصول اپنے سے اوپر تمام اُصول کو محروم کرے گا۔ (مؤنث اصول کو تب کرے گا جب وہ واسطہ بن رہا ہو۔)
- مؤنث اصول اپنے سے اوپر صرف مؤنث اصول کو محروم کرے گی۔

# حجبِ حرمان کے قواعد

3. حواشی کو فروع، اُصول اور حواشی سب محروم کر سکتے ہیں۔

- مذکر فرع اور مذکر اُصول تمام حواشی کو محروم کر دیتے ہیں۔
- مؤنث فرع حواشی میں صرف اخیافی بہن بھائیوں کو، جبکہ مؤنث اُصول حواشی میں سے کسی کو محروم نہیں کرتی۔
- اخیافی بہن بھائیوں کے علاوہ حواشی میں کوئی بھی فرد اگر عصبہ ہو تو وہ اپنے سے کم تر کو محروم کر دے گا۔

- **ایک مشہور قاعدہ:** جس واسطہ کی وجہ سے کوئی شخص وارث بنے تو وہ اس واسطے کی موجودگی میں وہ محروم ہو جاتا ہے،
  - سوائے اخیافی بہن بھائیوں کے

| وارث | | قسم | حاجب (کس کو محروم کرتا ہے؟) | محروم (کس سے محروم ہوتا ہے؟) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بیٹا | ع | دور (اپنے نیچے) کے تمام فروع کو، تمام حواشی اور عصبہ سببی کو | کسی سے نہیں |
| 2 | بیٹی | ف، ع | صرف اخیافی بہن بھائیوں کو | کسی سے نہیں |
| 3 | پوتا | ع | دور (اپنے نیچے) کے تمام فروع کو، تمام حواشی اور عصبہ سببی کو | قریبی (اوپر درجے کے) مذکر فرع سے |
| 4 | پوتی | ف، ع | صرف اخیافی بہن بھائیوں کو | قریبی (اوپر درجے کے) مذکر فرع سے |
| 5 | باپ | ف + ع | دور (اوپر درجے) کے تمام اصول (اگر وہ ان میں واسطہ ہو)،<br>تمام حواشی اور عصبہ سببی کو | کسی سے نہیں |
| 6 | ماں | ف | دور (اوپر درجے) کے تمام مؤنث اُصول کو | کسی سے نہیں |
| 7 | دادا | ف + ع | دور (اوپر درجے) کے تمام اصول (اگر وہ ان میں واسطہ ہو)،<br>تمام حواشی اور عصبہ سببی کو | قریبی (اپنے نیچے) مذکر اَصل سے |
| 8 | نانی، دادی | ف | دور (اوپر درجے) کے تمام مؤنث اُصول کو | قریبی (اپنے نیچے) مؤنث اَصل سے۔<br>قریبی مذکر اَصل سے (اگر وہ واسطہ بن رہا ہو) |
| 9 | بھائی | ع | اخیافی بہن بھائی کے علاوہ دور کے تمام حواشی اور عصبہ سببی کو | مذکّر فرع اور مذکّر اصل سے |
| 10 | بہن | ف، ع | ذی فرض ہو تو کسی کو نہیں، عصبہ ہو تو اپنے بھائی کے قائم مقام | مذکّر فرع اور مذکّر اصل سے |

| | وارث | قسم | حاجب (کس کو محروم کرتا ہے؟) | محروم (کس سے محروم ہوتا ہے؟) |
|---|---|---|---|---|
| 11 | علاتی بھائی | ع | اخیافی بہن بھائی کے علاوہ دور کے تمام حواشی اور عصبہ سببی کو | ہر قریبی عصبہ یعنی مذکّر فرع، مذکّر اصل اور بھائی و بہن (اگر عصبہ ہو) سے |
| 12 | علاتی بہن | ف، ع | عصبہ ہو تو اپنے بھائی کے قائم مقام، ذی فرض ہو تو کسی کو نہیں۔ | ہر قریبی عصبہ یعنی مذکّر فرع، مذکّر اصل اور بھائی و بہن (اگر عصبہ ہو) سے |
| 13<br>14 | اخیافی بہن بھائی | ف | کسی کو نہیں! | فروع (مذکر مؤنث اولاد) اور مذکّر اصل سے |
| 15 | بھتیجا | ع | دور کے حواشی (علاتی بھتیجوں، حقیقی و علاتی چچا و چچازادوں) اور عصبہ سببی کو | ہر قریبی عصبہ (بیٹا، پوتا، باپ، دادا اور حقیقی و علاتی بہن بھائی) سے |
| 16 | علاتی بھتیجا | ع | دور کے حواشی (حقیقی و علاتی چچا و چچازادوں) اور عصبہ سببی کو | ہر قریبی عصبہ (بیٹا، پوتا، باپ، دادا، حقیقی و علاتی بہن بھائی اور حقیقی بھتیجے) سے |
| 17<br>18 | حقیقی و علاتی چچا | ع | دور کے حواشی اور عصبۂ سببی کو | ہر قریبی عصبہ سے |
| 19 | چچازاد | ع | دور کے حواشی (علاتی چچازادوں) اور عصبہ سببی کو | ہر قریبی عصبہ (بیٹا، پوتا، باپ، دادا، حقیقی و علاتی بہن بھائیوں، بھتیجوں اور چچاؤں) سے |
| 20 | علاتی چچازاد | ع | عصبہ سببی (معتق و معتقہ اور ان کے عصبہ بالنفس) کو | ہر قریبی عصبہ سے |
| 21<br>22 | میاں بیوی | ف | کسی کو نہیں! | کسی سے نہیں! |
| 23<br>24 | معتق و معتقہ | ع | دور کے عصبہ سببی (یعنی اپنے عصبہ بالنفس) کو | ہر قریبی عصبہ (نسبی و سببی) سے |